باب 11

# گانے اور کہانیاں



ہندوستانی کلاسیکی موسیقی، باؤل گیت، بالی ووڈ گانے، ہِپ ہاپ—آپ نے ان میں سے کچھ موسیقی کی اقسام ضرور سنی ہوں گی۔

مختلف قسم کی موسیقی مختلف انداز میں سنائی دیتی ہے۔ ان میں ہر ایک کا اپنا منفرد انداز، پیٹرن، آغاز، ساز اور مقصد ہوتا ہے۔



موسیقی کی صنف (Genre) ایک ایسا زمرہ ہے جو موسیقی کو مشترکہ خصوصیات، آوازوں یا نمونوں کی بنیاد پر تقسیم کرتا ہے۔

کیا آپ کچھ موسیقی کی اصناف کا نام بتا سکتے ہیں جنھیں آپ نے سنا ہو؟ ان میں کیا خاص بات ہے؟

عمومی طور پر ہم موسیقی کو چار بڑی قسموں میں تقسیم کر سکتے ہیں:

1. لوک موسیقی — لوک سنگیت
2. کلاسیکی موسیقی — ہندوستانی اور کارنٹِک
3. دیگر روایتی شکلیں— بھکتی/صوفی موسیقی، رابندر سنگیت، نیم کلاسیکی وغیرہ۔
4. مقبول یا تخلیقی موسیقی— فلمی گیت، پاپ گانے وغیرہ۔

4437CH11

© NCERT not to be republished

## سرگرمی 11.1 موسیقی کی قسم کو پہچاننا

مندرجہ ذیل موسیقی کے نمونے آن لائن سنیں اور پہچانیں کہ وہ کس صنف سے تعلق رکھتے ہیں:

1. راگ بھوپالی از ہری پرساد چورسیا
2. یہ دوستی ہم نہیں توڑیں گے
3. کنیکا بندیوپادھیائے کا گایا ہوا رابندر سنگیت
4. مانگنیار موسیقاروں کی آواز میں کیسریا بالم

### موسیقی کیوں؟

کیا آپ نے کبھی یہ سوچا ہے کہ موسیقی ہماری زندگی میں کیا کردار ادا کرتی ہے؟

موسیقی کہانیاں سناتی ہے، ہمیں جذبات کا احساس دلاتی ہے اور روایات کا جشن مناتی ہے۔

بہت سی ثقافتوں اور زبانوں میں تہواروں، خاص مواقع، اور سال کے مخصوص اوقات کے لیے مخصوص گیت ہوتے ہیں۔ کبھی کبھار ایک ہی موقع کو مختلف گروپ کے لوگ اپنے اپنے انداز میں مناتے ہیں۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

فصل کی کٹائی کا تہوار پورے ہندوستان میں منایا جاتا ہے، لیکن اسے ہر علاقے میں مختلف ناموں سے جانا جاتا ہے۔ آپ کے علاقے میں اسے کیا کہا جاتا ہے؟


راگ بھوپالی از ہری پرساد چورسیا


یہ دوستی ہم نہیں توڑیں گے


کنیکا بندیوپادھیائے کا گایا ہوا رابندر سنگیت


مانگنیار موسیقاروں کی آواز میں کیسریا بالم

© NCERT not to be republished

## سرگرمی 11.2 فصلوں کی کٹائی سے متعلق گیت

یہاں ایک پنجابی گیت ہے جو بیساکھی، یعنی فصل کی کٹائی کے تہوار کے بارے میں ہے۔



فصلوں کی کٹائی پر ملک بھر میں منائے جانے والے کچھ اہم تہواروں کے نام بتائیں:

________________________________

________________________________

________________________________

### پنجابی — بیساکھی گیت

### روایتی لوگ گیت

آئی بیساکھی، آئی بیساکھی چلو پائیے
بھنگڑامک گئی کھیتاں دی راکھی،رل کے
پائیے بھنگڑا۔
باپو بیچی کنک تے خیسا نوٹاں دے نال
بھریا ماں نے سیٹاں سوٹ سوہنا گوٹے دے نال جڑیا۔
آؤ سہیلیو، آؤ ہرنیو سارے پائیے
بھنگڑا،سارے پائیے بھنگڑا سارے پائیے بھنگڑا
آئی بیساکھی..سارے مارو تالیاں تے پھر میں بولی پاواں
بولی پا کے گوری نوں میں گدھے وچ ناچ آواں۔
ناچے گوری مٹک مٹک کے اسی وی پائیے بھنگڑا،اسی وی پائیے
بھنگڑا اسی وی پائیے بھنگڑا۔
آئی بیساکھی..
ہاں جی پائیے بھنگڑا۔
چلو پائیے بھنگڑا۔

کسی اور علاقے سے فصل کی کٹائی کے موسم کا ایک گیت تلاش کریں، اسے سنیں، اس کے بول لکھیں، اور اسے گانا سیکھیں۔ کیا یہ گیت پہلے گیت سے ملتا جلتا ہے یا مختلف ہے؟ اگر مختلف ہے، تو کیسے؟

© NCERT not to be republished

## موسیقی کی اقسام

آیئے ہم دو قسم کے گانے سیکھیں—
ایک لوری اور ایک حب الوطنی کا گیت۔

### سرگرمی 11.3



لوری—اننمّا تھوزھی

زبان: تمل

روایتی لوک گیت

اننمّا تھوزھی، بومّیا کانوم
نان انّا سیّا پورین
اننمّا تھوزھی، بومّیا کانوم
نان انّا سیّا پورین
تھالی واری پِنّی
پوکل ویتھو پُدھو چٹائی پوٹّو وِٹّو
آئیپاسی ماسم کاویری سنانم
بومّیا وانگی وندھن

**گیت کا لنک:** *https://tinyurl.com/Ennamma-Thozhi*

© NCERT not to be republished

## ★ سرگرمی 11.4 حب الوطنی کا گیت



گیت ہمارے وطن سے محبت کے اظہار اور لوگوں کو ایک ساتھ لانے کا ایک خوب صورت ذریعہ ہیں۔حب الوطنی کے ایسے بہت سے خوب صورت نغمے ہیں جنھیں آپ گروپ میں گا سکتے ہیں۔

یہاں حب الوطنی کے کچھ مشہور نغمے دیے گئے ہیں۔انھیں آن لائن تلاش کریں اور گروپ میں گانے کے لیے سیکھیں۔

### 1. ننھا منّا راہی ہوں

موسیقار: نوشاد
شاعر: شکیل بدایونی

ننھا منّا راہی ہوں، دیش کا سپاہی ہوں
بولو میرے سنگ جے ہند، جے ہند، جے ہند
جے ہند، جے ہند

### 2. آؤ بچو تمھیں دکھائیں

موسیقار: ہیمنت کمار
شاعر: کوی پردیپ

آؤ بچو تمھیں دکھائیں جھانکی ہندوستان کی
اس مٹی سے تلک کرو، یہ دھرتی ہے بلیدان کی
وندے ماترم، وندے ماترم
وندے ماترم، وندے ماترم

اپنی زبان میں حب الوطنی کا ایک نغمہ تلاش کریں۔
اُسے یاد کریں اور اپنی جماعت میں سنائیں۔

© NCERT not to be republished

## سرگرمی 11.5 اتحاد کے لیے گیت

موسیقی اتحاد کی ایک شان دار قوت ہے اور اس نے قوم کی تعمیر میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ ہندوستان کی آزادی کی جدوجہد کے دوران، گیتوں نے لوگوں کو ایک ساتھ لانے اور ایک مشترکہ مقصد کے لیے لڑنے میں اہم کردار ادا کیا۔

### کیا آپ جانتے ہیں؟



شری بنکم چندر چٹوپادھیائے

وندے ماترم شری بنکم چندر چٹو پادھیائے نے تحریر کیا تھا، جنھوں نے اس نظم میں بھارت ماتا (ماں ہندوستان) کی عظمت کو بیان کیا۔ حالاں کہ وندے ماترم عام طور پر راگ دَیس میں گایا جاتا ہے، لیکن اس کی کئی دوسری صورتیں بھی ہیں اور یہ تاریخ کے سب سے زیادہ ریکارڈ شدہ گیتوں میں سے ایک ہے۔

سب سے مشہور گیتوں میں سے ایک وندے ماترم ہے، جس نے مجاہدین آزادی اور ملک کے عوام میں حب الوطنی کا جذبہ اُبھار دیا۔ آج بھی یہ گیت ہمیں یکجا کرتا ہے اور ہمارے حوصلے کو بلند کرتا ہے۔ جن گن من قومی ترانہ ہے، وہیں وندے ماترم کو قومی گیت کے طور پر جانا جاتا ہے۔

اس گیت کو گروپ میں گانا سیکھیں۔

**وندے ماترم**

**تحریر کردہ: شری بنکم چندر چٹوپادھیائے**

وندے ماترم، وندے ماترم
سجلام سپھلام مل یجا شیتلام
شسیا شِیاملام ماتَرَم
وندے ماترم
شُبھرا جوتسنام پلکِت یامینِم
پُلا کُسُومِته درمَدلَ شوبھنیم
سُہاسِینِم سُمدھردُرَہ بھاشِینِم
سُکھَدَام ورَدَام ماتَرَم
وندے ماترم



© NCERT not to be republished

| لیاقتیں | آموزشی ماحصل | استاد | طالب علم |
| --- | --- | --- | --- |
| جائزہ — باب 11: گانے اور کہانیاں | | | |
| سی-3.2 | موسیقی کی قسم کے تصور کو سمجھنا | | |
| سی-4.2 | مختلف اقسام کے گانوں کے درمیان فرق کو واضح کرنے کی صلاحیت رکھنا | | |
| | تاریخ اور روایات میں موسیقی کا کردار سمجھنا | | |
| سی-4.2 | مختلف قسم کے لوک گیت کو دریافت کرنے میں دل چسپی رکھنا | | |

© NCERT not to be republished

طالب علم کے اوصاف کے بارے میں استاد کے تاثرات

طالب علم کی کمیوں کے بارے میں استاد کے تاثرات

کوئی اور مشاہدہ